© rasailojaraid.com



کے اخراجات پر مشتمل تھا' شوریٰ کے سامنے پیش فرمایا۔اس کے علاوہ ادارہ کے بعض اہم ترین اور فوری نوعیت کے عزائم و منصوبے مثلاً ایک عظیم الشان وسیع وعریض نئی جامع مسجد کی فوری ضرورت' جدید ڈسپنسری کا قیام' مدرسہ ھاجرۃ للبنات کا آغاز' اساتذہ وعملہ کے مشاہرات میں اضافہ' نئے کمپیوٹرز کے حصول' اساتذہ ودیگر ملازمین کے رہائشی مکانات کی تعمیر کی طرف اراکین شوریٰ کو متوجہ فرمایا۔اراکین شوریٰ نے دارالعلوم حقانیہ کے کارہائے نمایاں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے بہترین آراء وتجاویز سے ادارہ کے منتظمین کو نوازا۔اس عزم کا اظہار فرمایا کہ حقانیہ کی مزید ترقی واستحکام کیلئے ہم ایک بار پھر حضرت شیخ الحدیثؒ کے مخلص رفقاء کا کردار ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔شوریٰ نے سالانہ بجٹ کے منظوری کیساتھ آئندہ عزائم کے ابتدائی اخراجات کے طور پر منظوری توکلا علی اللہ بامید آمد اس یقین کیساتھ دی کہ اللہ تعالیٰ اہل خیر کے ذریعہ اسکے مہیا کرنے کی صورتیں پیدا فرماویں گے۔بعد میں مہمانوں کی ضیافت کیلئے ظہرانے کا انتظام کیا گیا۔

## دارالعلوم کے سالانہ امتحانات کا انعقاد:

۹ رجون بروز ہفتہ ۲۰۱۲ء کو دارالعلوم کے تمام درجات کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔بحمدللہ امتحانات بخیر وخوبی حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ اور اساتذہ کرام کی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے پھر ۰۷ رجون بروز جمعرات دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف کے ساتھ ہی دارالعلوم کی سالانہ ڈھائی مہینے کی تعطیلات بھی شروع ہوئیں۔انشاءاللہ نئے تعلیمی سال اور داخلوں کا آغاز ۱۹ رستمبر ۲۰۱۲ء بروز بدھ شروع ہوں گے۔

## دارالعلوم کے مخلصین کو صدمہ

دارالعلوم حقانیہ کے قدیم مخلص اور پڑوسی جناب حافظ منظور صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال فرماگئیں۔مرحومہ انتہائی عابدۂ زاہدہ اوصاف حمیدہ سے مالا مال خاتون تھیں۔جناب حافظ منظور صاحب جو کہ دارالعلوم اور اس کے خاندان کے انتہائی قریبی ساتھیوں میں سے ہیں ان کے لئے دارالعلوم میں خصوصی دعائیں کی گئیں۔اسی طرح دارالعلوم کے قدیم فاضل مولانا مفرح شاہ صاحب بھی گزشتہ دنوں انتقال کرگئے' آپ دارالعلوم کے انتہائی مخلص فضلاء میں سے تھے۔اسی طرح دارالعلوم کے شعبہ تعمیرات سے وابستہ ٹھیکیدار جناب حاجی محمد سلیم صاحب بھی طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے۔مرحوم نے دارالعلوم کی تعمیرات اور دیگر کاموں میں ہمیشہ دلجوئی کے ساتھ بھرپور انداز میں خدمت کی۔ان تمام مرحومین کے رفع درجات کیلئے قارئین سے دعاؤں کی درخواست ہے۔

## اذان ویب نیٹ ورکنگ کی دارالعلوم آمد: (۴رجون ۲۰۱۲)

گزشتہ دنوں سوشل میڈیا سے وابستہ اذان ویب سائٹ نیٹ ورکنگ کے نمائندے دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا اور وزٹ کیا۔

© rasailojaraid.com